2023/11/8

انڈسٹری نوٹس 23-09#
فوری ریلیز کے لیے

NYC
Taxi & Limousine Commission

David Do
چیئر/کمشنر
tlccommissioner@tlc.nyc.gov

Jason Kersten
معاملات عامہ
press@tlc.nyc.gov

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

نوٹس: NYTWA مقدمے کے باعث، الیکٹرک وہیکل کے نئے لائسنس کی درخواستیں نتیجہ آنے تک ملتوی رکھی جائیں گی

19 اکتوبر، 2023 کو، نیویارک سٹی ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن (TLC)، نے اپنے فروری 2023 کے لائسنس کے جائزے کے تحت، کسی بھی ایسے اہل فرد یا ادارے سے فار ہائر وہیکل (”FHV“) کے لائسنز کی درخواستیں قبول کرنا شروع کیں جنھوں نے الیکٹرک وہیکل (”EV“) کے لیے درخواست دی تھی۔ تاہم، نیویارک ٹیکسی ورکرز الائنس (NYTWA) نے ایک مقدمہ دائر کر دیا جس کے تحت TLC کو نئے EV FHV لائسنز کے اجراء سے روکنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ NYTWA کی جانب سے حاصل کردہ عدالتی حکمنامے کے تحت، TLC کو بروز پیر، مؤرخہ 13 نومبر 2023، صبح 9 بجے EV FHV کے نئے لائسنس کی درخواستوں کی قبولیت لازمی روکنی ہوگی۔

بروز پیر، مؤرخہ 13 نومبر 2023، صبح 9 بجے تک اپنی درخواستیں کامیابی سے جمع کروانے والے درخواست گزاروں کی درخواستیں زیرِ عمل لائی جائیں گی۔ اس کے بعد، TLC مزید عدالتی اقدام تک الیکٹرک وہیکلز کے لیے FHV لائسنز کی نئی درخواستیں قبول کرنا روک دے گا۔

وہیل چیئر ایکسیسیبل وہیکل (WAV) کے لائسنز کے لیے موجودہ استثناء پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

اپنے سوالات اس پتے پر ای میل کریں:
licensingInquiries@tlc.nyc.gov